Supreme Court of Pakistan (Building)
Constitution Avenue, Islamabad
E-mail: nasrullah@ljcp.gov.pk

Ph: +92 (0)51 9212272
Fax: +92 (0)51 9214797

Joint Secretary
Law & Justice Commission of Pakistan
Government of Pakistan

No.F.8/2022/Write-up-DLEC/LJCP
Dated: 21-03-2023

**SUBJECT: AWARENESS ABOUT FREE LEGAL AID THROUGH DISTRICT LEGAL EMPOWERMENT COMMITTEES (DLECS).**

Dear Sir,

The Law and Justice Commission of Pakistan (LJCP) has constituted the District Legal Empowerment Committees (DLECs) to provide free legal aid to poor and vulnerable persons who are unable to pursue their cases in court of law for want of financial hardship. Currently, such committees are functioning across the country in 129 districts including the erstwhile FATA.

**02.** The constitution of DLECs is an important and unique initiative of LJCP whereby substantial amount from the Access to Justice Development Fund (AJDF), an endowment established by the Government of Pakistan, is placed at the disposal of DLECs for extending free legal aid to the deserving litigants in terms of professional fee of lawyer, court fee, copying charges, process fee and any other appropriate area. We feel that the optimum benefit of this forum is not being achieved for want of awareness amongst the masses and even the relevant stakeholders are unaware about the constitution of such committees and their mandate.

**03.** The Hon'ble Chief Justice of Pakistan/Chairman, LJCP has been pleased to direct for launching awareness campaign for effective and efficient utilization of this unique forum to ease the miseries of deserving litigants by ensuring their right to access to justice. To this end, LJCP has developed an awareness material, which includes poster and Urdu writeup that briefly highlights the mandate, functions, facilities being offered, procedure and eligibility for getting free legal aid.

**04.** We would like to request you to kindly support this campaign by sharing copies of this material with all judicial officers and other relevant officers producing the attached poster on "hard" durable material e.g. Panaflex, etc. and its display in court premises informing citizens about this forum and advising how they can access free legal aid. The awareness material can be downloaded from our official website www.ljcp.gov.pk.

**05.** We would also like to request you to kindly upload this material on your official website for general information.

**06.** To make this campaign successful, it is necessary that all stakeholders combine their individual and collective efforts for promoting rule of law by ensuring access to justice.

Looking forward for your cooperation and support.

With regards,

OFFICE OF THE DISTRICT & SESSION JUDGE
No. 307
Date 25/3/23
D.I. KHAN ★ DERA ISMAIL KHAN ★

Yours sincerely

(Signed)

**Nasrullah Khan**

**The District and Session Judge/**
**Chairperson, District Legal Empowerment Committee,**
**District Courts**
**Dera Ismail Khan**

Seen / Office for doing the needful.

(Signed)

**DISTRICT & SESSIONS JUDGE**
Dera Ismail Khan 25/3/2023

ہماری ترجیح : حصولِ انصاف کو یقینی بنانا

# اطلاع عام

## مفت قانونی امداد

قانون و انصاف کمیشن، پاکستان

ہر وہ شخص ہے جو محدود مالی وسائل کی وجہ سے اپنے قانونی حقوق کا دفاع نہ کر سکے مفت قانونی امداد کا حقدار ہے۔

غریب سائلین بلا تفریق اپنے مقدمات کی پیروی کے لیے درج ذیل مفت سہولیات حاصل کر سکتے ہیں

(۱) وکیل کی فیس (۲) کورٹ فیس (۳) نقول کے اخراجات (۴) اخراجات برائے سمنات (طلبی) وغیرہ (۵) دیگر اخراجات جو مقدمہ کی نوعیت اور حقائق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مناسب سمجھے جائیں۔

## طریقہ کار

(۱) سادہ کاغذ پر مقدمے کی نوعیت اور اپنے کوائف یعنی نام، ولدیت، پتہ، فون نمبر وغیرہ درخواست کی صورت میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو ارسال کریں۔

(۲) سزا یافتہ یا زیر سماعت قیدی بھی اپنی درخواست بذریعہ سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو ارسال کر سکتا ہے۔

(۳) موصول شدہ درخواستوں پر کمیٹی غور کرے گی اور جانچ پڑتال کے بعد مستحق افراد کو مناسب قانونی امداد فراہم کی جائیگی۔

## ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی (District Legal Empowerment Committee)

انصاف تک رسائی کو ممکن بنانے کے لیے چیف جسٹس پاکستان کی ہدایت پر قانون و انصاف کمیشن، پاکستان نے ملک بھر میں ضلعی سطح پر کمیٹیاں قائم کی ہیں۔ جن کی سربراہی ضلع کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کرتے ہیں۔ جبکہ ڈپٹی کمیشنر، سپرنٹنڈنٹ جیل، بار اور سول سوسائٹی کے نمائندگان اس کمیٹی کے رکن ہیں۔

## رابطہ

اپنے فوجداری، دیوانی یا عائلی مقدمے میں مفت قانونی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، چیئرمین ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے قانون و انصاف کمیشن، پاکستان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.ljcp.gov.pk

ہماری ترجیح : حصولِ انصاف کو یقینی بنانا

قانون وانصاف کمیشن آف پاکستان

# مفت قانونی امداد بذریعہ ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی

انصاف کا حصول ہر شخص کا بنیادی حق ہے اور اس کے حصول کو ممکن بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ بعض افراد مفلسی کے باعث اپنے مقدمات کا دفاع کرنے کی استعداد نہیں رکھتے لہذا ایسے افراد کی مفت قانونی امداد کیلئے چیف جسٹس آف پاکستان، چیئرمین قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان کی ہدایت پر ملک کے ۱۲۹ اضلاع میں ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں۔

## ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی۔

کمیٹی کی سربراہی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / ضلع قاضی صاحب کرتے ہیں جبکہ اس کے ممبران میں ڈپٹی کمشنر / پولیٹیکل ایجنٹ، سپرنٹنڈنٹ ضلعی جیل، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور سول سوسائٹی کا نمائندہ شامل ہیں۔ کمیٹی کی کاروائی ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی (کانسٹیٹیوشن اینڈ فنکشنز) رولز ۲۰۱۱ کے تحت بروئے کار لائی جاتی ہے۔

## کون مفت قانونی امداد کا حقدار ہے؟

ہر وہ شخص جو محدود مالی وسائل کی وجہ سے اپنے قانونی حقوق کا دفاع نہ کر سکے مفت قانونی امداد کا حقدار ہے۔

## مفت قانونی امداد کی نوعیت:

مفت قانونی امداد، وکیل کی فیس، کورٹ فیس، نقول کے اخراجات، پراسیس فیس یا کسی دیگر مد میں جو مستحق فرد کو انصاف کے حصول میں معاون ثابت ہو، کی صورت میں ادا کی جائے گی۔ مزید ازاں یہ امداد قیدی بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## مفت قانونی امداد کے حصول کا طریقہ:۔

کوئی بھی مستحق شخص سادہ کاغذ پر مفت قانونی امداد یا کسی مقدمے کے اخراجات کی ادائیگی کیلئے متعلقہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو درخواست دے سکتا ہے۔ درخواست کے ہمراہ صرف شناختی کارڈ کی نقل یا کوئی اور شناختی دستاویز لف ہونا ضروری ہے۔

ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل بھی ایسے نادار قیدی (زیرِ سماعت یا سزا یافتہ) جو مالی وسائل میسر نہ ہونے کی وجہ سے وکلا کی خدمات حاصل نہیں کرسکتے اور ان کے مقدمات التوا کا شکار ہو رہے ہوں، کی درخواستیں مفت قانونی امداد کے لیے کمیٹی کو بھجوا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی عدالت بھی زیرِ سماعت مقدمے میں مستحق فرد کی مفت قانونی امداد کے لیئے کمیٹی سے استدعا کر سکتی ہے۔

**مفت قانونی معاونت کے لیے وکلا کی تقرری:۔**

درخواستوں کی جانچ پڑتال اور درخواست دہندہ کی مالی حیثیت کے تعین کے بعد، کمیٹی مفت قانونی امداد کی فراہمی کے لیے ہائی کورٹ کی منظور شدہ فہرست سے وکیل مقرر کرے گی اور مناسب سمجھے تو دیگر عدالتی اخراجات کی ادائیگی بھی کر سکتی ہے۔ کمیٹی مقدمہ کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے وکیل کی فیس (حد ۲۰ ہزار روپے تک) کا تعین کرے گی۔

**وکلا کی کارکردگی کا جائزہ:۔**

کمیٹی نامزد وکیل کی کارکردگی کا جائزہ لینے کی مجاز ہے اور ناقص کارکردگی کی صورت میں دوسرے وکیل کا تقرر کر سکتی ہے۔ کمیٹی سالانہ بنیاد پر وکلا کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے وکلا کی فہرست میں ترامیم بھی کر سکتی ہے۔

---

## عوامی آگاہی مہم

ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹیز کا قیام مستحق افراد کی انصاف تک رسائی ممکن بنانے کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اس اقدام سے فائدہ اُٹھانے کے لیے لازم ہے کہ عوام کو اس بارے میں آگاہی فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ان سے رجوع کر سکے۔ مزید معلومات کے لیے متعلقہ ڈسٹرکٹ لیگل ایمپاورمنٹ کمیٹی یا قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان سے رابطہ کریں۔

---

**قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان**
**سپریم کورٹ بلڈنگ، شاہراہِ دستور، G-5/2**
**اسلام آباد۔ www.ljcp.gov.pk**